# Hello! سلام!

## بچوں کے حقوق اور ذمہ داریاں




International Organization for Migration (IOM)

The UN Migration Agency

## ہمارے متعلق

بین الاقوامی تنظیم برائے ہجرت (IOM) آپ کی معاونت کے لیے موجود ہے۔ ہم اٹلی، ہنگری ، آسٹریا، سلووینیا، کروشیا اور بلغاریہ میں بھی آپ کی مدد کر سکتے ہیں!

ہمارے ساتھ فیس بک اور ہماری ویب سائیٹس کے ذریعے رابطہ کریں **(https://greece.iom.int/)**

یہ منصوبہ یورپی یونین کی طرف سے فنڈ کیا گیا ہے

یورپ میں پناہ گزینی اور ترک وطن کے بحران کے تناظر میں بچوں کا تحفظ

## 5. مدد درکار ہے؟ ہمارے ساتھ ابھی رابطہ کریں!

### IOM بین الاقوامی تنظیم برائے ہجرت – ایتھنز میں دفتر

6 ڈوڈیکانیسو اسٹریٹ، ایلیموس، 17456، ایتھنز

ٹیلیفون: +30 210 9919040

ای میل: iomathens@iom.int

فیکس: +30 210 9944074

https://www.facebook.com/pages/IOMGreece

### یونان کے باقی علاقوں میں موجود IOM کے دفاتر:

**مرکزی علاقہ:**

| | |
|---|---|
| **تھیسالونیکی** | +30 231 3317 349, +30 694 6893 032, +30 694 9662 666 |
| **پیٹراس** | +30 698 5111 206 |
| **کورنتھ** | +30 697 0424 354 |
| **ایوروس** | +30 694 6840 125 |
| **آئیوانینا** | +30 265 1001 025, +30 698 6547 044 |

**جزائر:**

| | |
|---|---|
| **کریٹے** | +30 698 5111 205 |
| **سیموس** | +30 697 2331 440 |
| **کوس** | +30 694 4864 986 |
| **لیسووس** | +30 695 8475 878 |
| **چیوس** | +30 695 5466 613 |
| **لیروس** | +30 694 1580 330 |

## 4. پناہ کا طریقہ کار – قدم بہ قدم

1
2
3
4



### ایک مہاجر کون ہے؟

اگر آپ تارک وطن یا مہاجر بچے ہیں، تو آپ کو خصوصی تحفظ اور مدد کے حقوق اور ساتھ ہی ساتھ CRC UN کے بیان کردہ تمام حقوق حاصل ہیں۔

**مہاجر بچے:** وہ، جن کی زندگیاں کئی وجوہات (نسل، مذہب، قومیت، سیاسی رائے وغیرہ) کی بنیاد پر خطرے میں ہوں اور وہ اپنے آبائی ملک کو چھوڑنے پر مجبور ہوں۔

**تارکین وطن بچے:** ایسے بچے جو کسی بھی وجہ سے اپنے آبائی ملک سے باہر ہوں – مطلب یہ، کہ ایسی وجوہات، جن کا تعلق ایذا دہی سے نہ ہو، ان کی بناء پر مہاجر نہیں قرار دیا جا سکتا۔

**پناہ کے متلاشی:** وہ، جو کسی خاص ملک کے قانون کے مطابق پناہ حاصل کرنے کے عمل میں ہوں، تاکہ ان کی مہاجر کے طور پر شناخت کی جائے، یعنی انہیں اپنے دعوے پر عمل درآمد کے دوران تحفظ کی خصوصی حیثیت حاصل ہو۔

### مجھے پہلے کیا کرنا چاہیے؟

آپ کو پہلے یونان میں داخل ہوتے ہی مہاجر کے طور پر بین الاقوامی تحفظ کے حصول کے لیے درخواست دینے کی اپنی خواہش ظاہر کرنی ہو گی۔ پناہ گزین کے طور پر شمار کیا جانا بنیادی حق ہے۔ یہ درخواست پناہ کے حکام کے پاس جمع کرائی جانی چاہیے۔ اگر آپ کا خاندان/ رشتہ دار EU کی کسی دیگر رکن ریاست میں موجود ہے، تو ضروری ہے کہ آپ پناہ کے حکام کو فوراً اس بارے میں بتائیں۔

مرکزی اسائلم سروس آفس، ایٹیکا: +30 210 41 87 090, +30 210 99 03 370, +30 210 69 88 500
10 زبانوں میں ریکارڈ شدہ معلومات کے ساتھ ٹیلیفون لائن: +30 210 69 88 660

ای میل: relocation@asylo.gov.gr
ای میل: aka.peiraia@asylo.gov.gr

**مخصوص کام:**

- ✓ قریب ترین اسائلم سروس پر جائیں۔ یہاں پر تمام خدمات مفت ہیں۔
- ✓ پناہ کے حکام آپ سے آپ کے متعلق چند سوالات پوچھیں گے، جن کا آپ کو لازمی طور پر ایمانداری سے جواب دینا چاہیے۔ **ڈرنے کی کوئی بات نہیں!**
- ✓ آپ کو بین الاقوامی تحفظ کے درخواست دہندہ کا ایک کارڈ دیا جائے گا، جو آپ کی قانونی دستاویز (آپ کی شناخت کی طرح) ہو گی، لہذا اسے سنبھال کر رکھیں! اسے ہمیشہ اپنے پاس رکھیں! اسائلم سروس پر اپنے اگلی ملاقات ہمیشہ یاد رکھیں اور اپنے ساتھ کارڈ لے کر جائیں
- ✓ اس کے علاوہ، جگہ تبدیل کیے جانے یا خاندان کے ساتھ متحد کرنے کی درخواست کرنے کے حق سے متعلق پوچھیں!

### پولیس اور پناہ کے افسران میرے ساتھ کیا سلوک کریں گے؟

وہ آپ کو اپنی عمر اور شناخت بتانے کا کہیں گے۔ انہیں سچ بتانا آپ کے اپنے فائدے میں ہے!

### کس قسم کے سوالات پوچھے جائیں گے؟

آپ کی صورت حال کو بہتر سمجھنے کے لیے، وہ کچھ سادہ سوالات پوچھیں گے، مثلاً:





- ? آپ کہاں سے تعلق رکھتے ہیں؟
- ? آپ کی عمر کتنی ہے؟
- ? آپ کن ممالک سے گزر کر آئے ہیں؟
- ? کیا آپ اکیلے سفر کر رہے ہیں؟
- ? کیا آپ کے خاندان کے کوئی افراد یورپ میں موجود ہیں؟

برائے مہربانی تمام سوالات کے جوابات جتنا ہو سکے بہترین طریقے سے دیں۔ اگر آپ جواب نہیں دے سکتے، تو سیدھا بول دیں کہ آپ جواب نہیں دے سکتے۔ اگر آپ کو وقفے یا آرام کی ضرورت ہے، تو آپ جب چاہیں وقفہ مانگ سکتے ہیں۔ آپ جو کچھ بھی کہیں گے، اسے تحریری طور پر بھی ریکارڈ کیا جائے گا۔ ریکارڈ پر صرف اس صورت میں اپنا دستخط کریں، کہ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ یہ کس بارے میں ہے یا یہ کیا چیز ہے۔ اگر کوئی مسئلہ ہے یا کوئی چیز موجود نہیں ہے، تو حکام کو اس کے بارے میں بتائیں۔ آپ کے پاس ریکارڈ کی نقل حاصل کرنے کا حق موجود ہے۔

### میری عمر کیوں اہم ہے؟

18 سال سے زیادہ عمر کے لوگ بالغان میں شمار ہوتے ہیں۔ ان کے ساتھ 18 سال سے کم عمر کے لوگوں، جو „نابالغ“ اور اس معلوماتی پرچہ میں بیان کردہ تمام حقوق کے حامل ہوتے ہیں، کی نسبت مختلف نوعیت کا برتاؤ یا سلوک کیا جاتا ہے۔




- ✓ زیادہ تر صورتوں میں، ذاتی ڈیٹا کو آپ کے زبانی بیان کی بنیاد پر رجسٹر کیا جاتا ہے۔ آپ کی عمر اور/ یا قومیت کے متعلق شک کی صورت میں، آپ کا ایک انٹرویو کے ذریعے جائزہ لیا جائے گا اور ایک ڈاکٹر آپ کی عمر کا اندازہ لگانے کے لیے آپ کا معائنہ کرے گا/گی۔ ممکن ہے کہ آپ کو مزید طبی معائنوں کے لیے ہسپتال جانے کا کہا جائے۔
- ✓ اس جائزے کی بنیاد پر آپ کا ذاتی ڈیٹا ریسیپشن اینڈ آئیڈینٹیفیکیشن سروس میں رجسٹر کر لیا جائے گا اور آپ کی دستاویز میں شامل کر دیا جائے گا۔
- ✓ اگر آپ کو سمجھ نہ آئے، تو کسی بھی چیز پر دستخط نہ کریں۔
- ✓ اگر ضرورت ہو، تو اپنی زبان میں ترجمے کا کہیں۔

### مجھے کہاں لے کر جایا جائے گا؟

میں لیسووس/چیوس/کوس/ لیروس /سیموس کے جزائر کی گلیوں یا اوریسٹیاڈا (یا کسی دوسری جگہ پر) سرحد پر موجود ہوں اور میں تنہا اور 18 سال سے کم عمر ہوں۔ میرے ساتھ کیا ہو گا؟

آپ کو شناخت اور رجسٹریشن کے مقاصد کے لیے ریسیپشن اینڈ آئیڈینٹیفیکیشن سنٹر میں لے کر جایا جائے گا۔ ایک بار جب یہ عمل مکمل ہو جائے گا، تو آپ کو آپ کی نازک صورت حال کی بنیاد پر اکیلے نابالغ افراد کے کسی کیمپ یا شیلٹر میں ایک سیف زون* میں منتقل کیا جا سکتا ہے۔

**<u>یاد رکھیں!</u>** ایک مرتبہ جب آپ کو مذکورہ بالا جگہوں میں سے کسی ایک میں منتقل کر دیا گیا، تو آپ کو خود ہی نگرانی پر موجود لوگوں کو ایمانداری سے اپنا نام، عمر، قومیت اور یونان میں آنے کی وجوہات بتا دینی چاہیں۔

*سیف زونز محفوظ جگہیں ہوتی ہیں، جو کیمپس کے اندر موجود نابالغ افراد کو مفت خدمات فراہم کرتی ہیں۔

### آگے کیا ہے؟

آپ کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے آپ کو مفت خدمات فراہم کی جائیں گی، بشمول:

- ✓ بنیادی ضروریات: آپ کے کھانے، کپڑے اور حفظان صحت کی اشیاء
- ✓ صحت کی خدمات
- ✓ نفسیاتی معاونت
- ✓ قانونی خدمات

# 1. آپ کے حقوق



## میں کہاں ہوں؟
یونان جو کہ یورپین یونین (EU) کی ایک رکن ریاست، میں خوش آمدید! اس کا دارالحکومت ایتھنز ہے اور اس کی سرکاری زبان یونانی ہے۔ آپ کی مدد کے لیے ہم آپ کو یونان میں آپ کے حقوق کے بارے میں کچھ مفید معلومات دینا چاہیں گے۔ یونان، جمہوریت کا بانی ملک ہے جو انسانی حقوق کا احترام کرتا اور یہ ملک آپ کو تحفظ،
معاونت اور مدد دینے کے لیے حاضر ہے!
ہم کسی سے پیسے نہیں مانگتے، ہم پیسے نہیں لیتے اور ہم کوئی انعام بھی نہیں مانگتے۔ ہم آپ کے لیے ایک محفوظ سفر کی خواہش رکھتے ہیں اور آپ کو یورپ میں خوش آمدید کہتے ہیں۔


## کیا مجھے حراست میں رکھا جائے گا یا قید کر لیا جائے گا؟
ایک تنہا اور بچھڑا ہوا بچہ ہونا کوئی جرم کی بات نہیں ہے۔ آپ کو صرف اس وجہ سے حراست میں نہیں لیا جا سکتا کہ آپ نے پناہ کی درخواست دی ہے۔ آپ یہاں اس لیے موجود ہیں کیونکہ آپ نے ضروری دستاویزات کے بغیر سرحد کو غیر قانونی طریقے سے عبور کیا ہے۔ آپ کو شناخت کروانے اور رجسٹر ہونے کے لیے یونان میں داخلے کے مقامات پر ریسیپشن (استقبالیہ) اور آئیڈینٹیفیکیشن سنٹر (شناختی مرکز) یا کسی پولیس اسٹیشن میں پیش کرنا پڑے گا۔

## کیا میرے ساتھ دوسرے نوجوان تارکین وطن/مہاجرین سے مختلف سلوک کیا جائے گا؟
تمام نوجوانوں کو اس بات سے قطع نظر کہ وہ جو بھی ہوں، جہاں بھی رہتے ہوں، کوئی بھی زبان بولتے ہوں، کسی بھی مذہب سے تعلق رکھتے، وہ لڑکے ہوں یا لڑکیاں، سب کو برابر حقوق حاصل ہیں۔

## کیا میں بڑی عمر کے لوگوں سے مدد مانگ سکتا/سکتی ہوں؟
بڑی عمر کے تمام لوگوں کو وہ کام کرنا چاہیے، جو آپ کے لیے بہترین ہو۔ آپ ہمیشہ بڑوں سے مدد اور معاونت مانگ سکتے/سکتی ہیں! مت بھولیں کہ آپ کو اس مدد کے لیے کسی بھی بڑے شخص کو کوئی ادائیگی یا کوئی دوسری چیز نہیں دینی پڑے گی!

- ✓ کسی بھی ایسے شخص پر بھروسہ نہ کریں، جو آپ کو کسی یورپی ملک میں لے کر جانے یا آپ کو نوکری ڈھونڈ کر دینے کا وعدہ کرے، اس بات سے قطع نظر کہ وہ آپ سے پیسے مانگتا/مانگتی ہے یا نہیں، بصورت دیگر آپ کے ساتھ کئی طریقوں سے زیادتی ہو سکتی ہے۔
- ✓ نئی زندگی شروع کرنے کے لیے غیر قانونی راستوں پر جانے اور افسوس کرنے کی بجائے محفوظ رہنا اور قانون پر عمل کرنا بہتر ہے!
- ✓ ہمیشہ یقینی بنائیں کہ آپ کس سے بات کر رہے ہیں، دیکھیں کہ وہ کس کے لیے کام کرتا/کرتی ہے اور ان کے نام اپنے پاس لکھیں۔ اگر آپ کسی وکیل سے مشورہ حاصل کرتے ہیں، تو ہمیشہ اس کا کاروباری کارڈ یا لکھی ہوئی رابطہ معلومات حاصل کریں۔
- ✓ تنظیموں اور بچوں کی حفاظت کے دیگر ذرائع، جو آپ کی مدد کے لیے موجود ہیں، سے مشورہ حاصل کر کے اچھی طرح باخبر اور آگاہ رہیں۔
- ✓ لوگوں پر اس وجہ سے بھروسہ نہ کر لیں کہ وہ آپ کے ملک سے ہی آئے ہیں۔ ہر کوئی مشکل صورتحال میں ہے اور تمام لوگ اچھے اور قابل بھروسہ نہیں ہوتے۔

**کوشش کرتے رہیں!**



## کیا میں اپنے خاندان کے ساتھ رابطہ کر سکتا/سکتی ہوں؟
اگر آپ کے والدین یا دوسرے رشتہ دار آپ کے ساتھ موجود نہیں ہیں، تو آپ کو ان کے ساتھ رہنے کا حق حاصل ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ کے والدین کسی دوسرے ملک میں رہتے ہیں، تو آپ کے پاس ان سے رابطہ کرنے اور خاندان کو دوبارہ ملائے جانے کی درخواست کرنے کا حق موجود ہے۔

**یاد رکھیں!**

- ✓ قانونی مدد اور نمائندگی حاصل کرنا آپ کا قانونی حق ہے۔
- ✓ اگر آپ جلد ہی 18 سال کے ہونے والے ہیں اور خاندان کے ساتھ ملائے جانے کی درخواست کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کو جلدی کرنی چاہیے اور اپنی سالگرہ سے پہلے درست طریقے سے رجسٹرر ہو جانا چاہیے۔
- ✓ اگر آپ اکیلے اور 15 سال سے کم عمر ہیں، تو آپ کی جانب سے پناہ کی درخواست دینے کے لیے آپ کے لیے ایک قانونی نمائندے کو متعین کیا جائے گا!
- ✓ اگر آپ اکیلے کم عمر فرد ہیں، تو RIC/پبلک پراسیکیوٹر/سرپرست آپ کے کیس کی نگرانی کرے گا۔

## بچوں والے حقوق کس کو ملتے ہیں؟
"حقوق" سب بچوں کو ملتے ہیں، بشمول آپ کے۔ اگر آپ 18 سال سے کم عمر اور اپنے والدین یا رشتہ داروں کے ساتھ ہیں یا اکیلے یا ان سے بچھڑے ہوئے ہیں، تو آپ بچے ہیں۔ یورپ میں تمام بچوں کے حقوق برابر ہیں، جو سب کے لیے ایک جیسے ہوتے ہیں۔


## میرے حقوق کیا ہیں؟
یونان اور پورے یورپ میں تمام بچوں اور نوجوان لوگوں کو UN کنونشن آن رائیٹس آف چلڈرن (CRC UN) میں واضح کردہ انسانی حقوق دستیاب ہیں۔
آپ کو درج ذیل اہم ترین حقوق حاصل ہوتے ہیں:

1. **تعصب سے بچاؤ:** تمام بچوں کے پاس اس بات سے قطع نظر تمام حقوق موجود ہیں کہ وہ کون ہیں، وہ کہاں رہتے ہیں، ان کے والدین کیا کرتے ہیں، وہ کون سی زبان بولتے ہیں، ان کا مذہب کیا ہے، وہ لڑکا ہیں یا لڑکی، ان کی ثقافت کیا ہے، آیا وہ معذور ہیں یا نہیں، آیا وہ امیر ہیں یا غریب۔ کسی بھی بچے کے ساتھ کسی بھی بنیاد پر بُرا سلوک نہیں ہونا چاہیے۔
2. **بچے کے بہترین مفادات:** تمام بالغان کو وہ کام کرنا چاہیے، جو آپ کے لیے بہترین ہو۔ جب بالغان فیصلے کرتے ہوں، تو انہیں سوچنا چاہیے کہ ان کے فیصلے ان کے بچوں پر کیسے اثر انداز ہوں گے۔
3. **بقاء، نشوونما اور تحفظ:** تمام ممالک کے حکام کو لازمی طور پر آپ کو تحفظ فراہم کرنا چاہیے اور آپ کی مکمل نشوونما — جسمانی، روحانی، اخلاقی اور سماجی نشوونما — کو یقینی بنانے میں مدد کرنی چاہیے۔
4. **شرکت:** آپ اور تمام بچوں کے پاس ان فیصلوں میں رائے دینے، جو آپ پر اثر انداز ہوتے ہیں اور آپ کی رائے کو ہر طریقے سے زیر غور رکھے جانے کا حق موجود ہے۔


**یاد رکھیں!** آپ کے بہترین مفاد کی حمایت کرنے والے تمام مندرجہ بالا حقوق کا اطلاق یونان میں ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ آپ پر کسی بھی طرح اثر انداز ہونے والا کوئی بھی فیصلہ آپ کے علم اور رضامندی کے بغیر نہیں کیا جا سکتا ہے!

## کیا میں رائے دے سکتا/سکتی ہوں؟
آپ کے پاس اپنی رائے دینے اور بالغان کی جانب سے اسے سنے جانے اور سنجیدگی سے لیے جانے کا حق موجود ہے۔ آپ کو اپنی مادری زبان میں بات کرنے والا ترجمان حاصل کرنے کا حق بھی حاصل ہے۔

## کیا دوسرے لوگ مجھے نقصان پہنچائیں گے یا مجھ سے برا سلوک کریں گے؟
آپ کے پاس جسم اور/ یا ذہن کو نقصان پہنچائے جانے اور برا سلوک کیے جانے سے تحفظ کا حق موجود ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو ہمیشہ کسی قابل اعتبار بالغ کو بتائیں۔



## اگر میں بیمار ہوں، تو کیا میں ڈاکٹر کے پاس جا سکتا/ سکتی ہوں؟
آپ کو بہترین ممکن نگہداشت صحت، پینے کا صاف پانی، غذائیت والی خوراک، ایک صاف ستھرے ماحول اور تندرست ہونے میں آپ کو مدد دینے کے لیے معلومات حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔



## کیا میں اسکول کو جا سکتا/سکتی ہوں؟
یونان میں 15 سال سے کم عمر بچوں کے لیے عوامی اسکولوں میں تعلیم لازمی ہے۔ آپ کے کیس میں، اس بات کا انحصار درج ذیل شرائط پر ہوتا ہے، کہ آیا آپ کو تعلیم (رسمی یا غیر رسمی) تک رسائی حاصل ہو گی یا نہیں:

- ✓ حیثیت (کسی کے ساتھ، اکیلے/بچھڑے ہوئے)
- ✓ عمر (15 سال سے کم، 15 سال سے زیادہ)
- ✓ اجازت درکار ہے (نگران کی رضامندی/ والدین کی رضامندی)

## کیا میں کام کر سکتا/سکتی ہوں؟
ریاستِ یونان آپ کو تحفظ اور سیکورٹی فراہم کرے گی اور آپ کی بنیادی ضروریات (خوراک، رہنے کی جگہ اور کپڑے) کو پورا کرے گی تاکہ آپ کو کام نہ کرنا پڑے۔ تاہم، اگر آپ کام کرنا چاہتے/چاہتی ہوں، تو اپنے چائیلڈ پروٹیکٹر یا قانونی سرپرست کو کہیں کہ وہ آپ کو کام کے مواقع کے بارے میں بتائے۔

## کیا مجھے یونانی زبان بولنی پڑے گی؟
بنیادی انسانی حقوق میں سے ایک اپنی ثقافت، زبان اور مذہب پر عمل کرنے کی آزادی ہے... لہذا، آپ کو ایسا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ درحقیقت، یونان میں آپ کے قیام کے دوران آپ کو تمام کاروائیوں میں مدد فراہم کرنے کے لیے آپ کی اپنی زبان بولنے والے ترجمان دستیاب ہیں۔ آپ کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ آپ کسی ایسے اسکول میں جائیں یا کوئی ایسی تعلیم حاصل کریں، جس میں آپ یونانی زبان سیکھنے کے قابل ہوں، جو آپ کی روزمرہ کی زندگی کو آسان بنائے گی۔



# 2. مجھے کون سے قواعد پر عمل کرنا چاہیے؟ - آپ کی ذمہ داریاں

CRC UN ایسے چند قواعد بھی بیان کرتی ہے، جن پر آپ کو عمل درآمد کرنا ہو گا، خصوصًا دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنا:

- ! چونکہ آپ کے پاس، آپ کی جنس، نسلی پس منظر، زبان، عمر، قومیت، مذہب سے قطع نظر یہ حقوق موجود ہیں، تو اس کا مطلب ہے کہ آپ پر اچھے طریقے سے دوسروں کا احترام کرنے کی ذمہ داری بھی عائد ہوتی ہے۔
- ! چونکہ آپ کے پاس ظلم، زیادتی اور غفلت سے تحفظ حاصل کرنے کا حق موجود ہے، تو آپ پر بھی دوسروں کو نقصان نہ پہنچانے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔
- ! چونکہ آپ کو صاف ماحول کا حق حاصل ہے، تو اپنے ماحول کا خیال رکھنا بھی آپ کی ذمہ داری ہے۔
- ! چونکہ آپ کو تعلیم حاصل کرنے کا حق حاصل ہے، تو یونان کے تعلیمی نظام کے قواعد کا احترام کرنا بھی آپ کی ذمہ داری ہے۔

اس کے علاوہ، آپ کو اس ملک کے تمام قوانین کا احترام کرنا چاہیے۔ مثلاً یونان میں شراب، منشیات اور تمباکو نوشی 18 سال سے کم عمر لوگوں کے لیے غیر قانونی ہیں۔ اس کے علاوہ کسی بھی شخص کو چوری، جسم فروشی یا غیر قانونی کام کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ **آپ کو اپنی منزل کے ملک تک پہنچنے کے لیے پیسے کمانے کے لیے غیر قانونی راستے تلاش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔** اگر آپ ایسا کرتے ہیں، تو آپ خود خطرے میں ہوں گے۔ ریاست یونان آپ کی مدد کرے گی، تاکہ آپ کسی بھی مسئلے کا شکار ہوئے بغیر اپنی ضرورتوں اور خواہشات کو پورا کر سکیں!
یاد رکھیں! آپ ہمارے ساتھ ہمیشہ کسی بھی قسم کی معلومات شیئر کر سکتے ہیں، جو آپ سمجھتے ہوں کہ حساس، شرمناک اور غیر قانونی ہیں یا آپ کو خطرے میں ڈال سکتی ہیں! ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے یہاں موجود ہیں اور اس معلومات کو راز میں رکھا جائے گا، لیکن سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہم آپ کی معاونت اور تحفظ کے لیے موجود ہیں! ہم آپ کے بہترین مفاد کی حفاظت کرنے کے لیے موجود ہیں، بشمول بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست دینا۔

# 3. دستیاب خدمات

## کیا مجھے تمام کاروائیوں کو اکیلے پورا کرنا ہو گا؟
چونکہ آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے اور آپ اکیلے ہیں یا بچھڑ چکے ہیں، تو کم عمر افراد کے پبلک پراسیکیوٹر کی رضامندی کی بنیاد پر آپ کو مدد فراہم کرنے کے لیے ریاستِ یونان کی جانب سے ایک قانونی نمائندہ کو متعین کیا جائے گا۔ آپ اپنی ملاقات اور اپنے انٹرویو سے متعلق قانونی مشاورت مانگ سکتے ہیں۔

صبر سے کام لیں، اس کام میں کچھ وقت لگ سکتا ہے!

## اگر مجھے اپنے کیس کی حمایت میں ایک وکیل کی ضرورت ہو، تو کیا ہو گا؟

1. آپ کو ایک وکیل حاصل کرنے کا حق حاصل ہے، جو یونان میں آپ کے پورے قیام کے دوران آپ کی معاونت کرے گا/گی۔
2. آپ اپنی زبان میں بات کر سکتے ہیں، کیونکہ ایک ترجمان آپ کی مدد کرے گا۔

## اگر میں کسی ایسے شخص سے بات کرنا چاؤں، جس پر مجھے بہت بھروسہ ہو، تو؟
آپ اپنے رہنے کی جگہ کے قریب موجود بچوں کے تحفظ کے کسی ذریعے سے بات کر سکتے ہیں، جو آپ کو اس کے متعلق مدد اور ہدایات فراہم کر سکتا ہے۔
ہنگامی حالت کی صورت میں آپ



- نیشنل لائین فار چائلڈ پروٹیکشن سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ ٹیلیفون: 1107
- بچوں کے لیے قومی SOS لائن۔ ٹیلیفون: 1056
- بچوں اور نونہالوں کے لیے اسپورٹ لائن۔ ٹیلیفون: 116 111
- ہیلینک ریڈ کراس۔ ٹیلیفون: 210 5240440
- یونانی محتسب / بچوں کے لئے محتسب (بچوں کا لائن): 800 11 32 000